© rasailojaraid.com

# اخبار الجامعة والجماعة

## جامعہ علوم اثریہ کے سہ ماہی امتحانات اور عیدالاضحیٰ کی تعطیلات

جامعہ میں قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے سہ ماہی امتحانات مورخہ 12 اکتوبر بروز ہفتہ سے شروع ہو کر 13 اکتوبر بروز اتوار اختتام پذیر ہونگے۔

جامعہ میں عیدالاضحیٰ کی تعطیلات 14 اکتوبر بروز سوموار سے 25 اکتوبر بروز جمعہ شام تک ہونگی۔ ان شاء اللہ۔

## جامع مسجد مبارک اہل حدیث مشین محلہ نمبر 3 میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 2 اکتوبر بروز بدھ جامع مسجد مبارک اہل حدیث مشین محلہ نمبر 3 میں عظیم الشان جلسہ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز قاری مہتاب الرحمٰن خطیب مسجد ہذا کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا، حافظ عبدالوہاب مدنی بن علامہ محمد مدنی مرحوم نے حمد ونعت پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری عبدالرحمٰن شاکر امام مسجد ہذا نے سرانجام دیئے جلسہ سے قاری بشیر حسن، قاری محمد داؤد گوجرانوالہ اور مولانا حافظ انعام اللہ کنجاہی خطیب گجرات نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔

# وفیات

## صدیق احمد یوسفی (سیکرٹری جنرل انجمن اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 26 ستمبر بروز جمعرات سیکرٹری جنرل انجمن اہل حدیث جہلم صدیق احمد یوسفی کے بہنوئی عبدالحمید بٹ لاہور میں مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور با اخلاق انسان تھے۔

## راشد عزیز ایڈووکیٹ کو صدمہ

مورخہ 5 اکتوبر بروز ہفتہ جامع مسجد السلوی اہل حدیث کے مستقل نمازی راشد عزیز ایڈووکیٹ کی اہلیہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com